تھا کہ والدین کے حقوق کے ساتھ اولاد کے حقوق بھی واضح کر دیئے جاتے۔

دعوتِ اسلامی کا کام کیوں نہیں ہوتا؟ از شبیر احمد منظر قادری - ناشر: ادارۂ صدائے سحر، بنگلور، کرناٹک انڈیا۔ قیمت: ۳/- روپے (بھارتی)

برصغیر کے شمالی یا جنوبی کسی بھی حصے میں اگرچہ یہ نہیں کہا جاسکتا کہ دعوتِ اسلامی کا کام نہیں ہو رہا، لیکن یہ درست ہے کہ جتنا ہونا چاہیئے، نہیں ہو رہا ہے۔ اس کی دو بڑی وجہیں ہیں: ایک داخلی دوسری خارجی --- داخلی یہ کہ ہمارے دل جو دنیا کی حجتوں اور لذتوں سے کٹ کر اپنے مقصد کے لیے یکسو تھے، وہ آہستہ آہستہ سرکتے سرکتے تکاثر و تفاخر کی اس دوڑ میں شامل ہو گئے ہیں جو سیلاب بلا بن کر ساری دنیا پر طاری ہے۔ اس خاص مسئلے کو پمفلٹ میں لیا گیا ہے۔ دوسری وجہ بے شمار عالمی قوتوں اور سیاسی اداروں اور مذہبی حلقوں اور پروپیگنڈہ کے مرکزوں کی شدید سے شدید تر ہوتی ہوئی مخالفتیں ہیں جن کا پورا اندازہ پہلے نہ تھا۔ اب ان دو حقیقتوں کو سامنے رکھ کر نئے سرے سے نقشۂ کار بنانا چاہیے۔

حکیم ہاشمی صاحب کے پمفلٹ ۱- ذکرِ الٰہی ۲- خون کے آنسو از جناب حکیم ہاشمی پوسٹ بکس نمبر ۲۵۰ - حیدر آباد سندھ - خط لکھ کر مفت حاصل کریں۔

حکیم صاحب اور ان کے پمفلٹوں کا تذکرہ ہماؤ سے بہرہ مطبوعات میں آتا ہی رہتا ہے۔ وہ اچھی اچھی باتیں سادہ انداز سے لکھتے ہیں۔

ماہنامہ تدریس القرآن مدیر: نسیم احمد (بہ تعاون مجلسِ ادارت)، جمعیت تعلیم القرآن کا ترجمان۔ دفتر: عالمگیر روڈ - کراچی۔ قیمت فی شمارہ ۳/- روپے سالانہ ۳۰/- روپے

ایک اچھا دینی و تعلیمی ماہنامہ ہے جو شمارہ زیرِ نظر ہے اس میں "کلمات نبوی" کے علاوہ مفتی محمد شفیع مرحوم صاحب، ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی مرحوم، علامہ احسان الٰہی ظہیر مرحوم اور نواب مشتاق احمد خان صاحب کے علاوہ سید غلام احمد ایڈووکیٹ اور خلیل الرحمٰن ایڈیٹر جنگ جیسی شخصیتوں کے مضامین شامل ہیں۔